# RESOLUTION

## 25-10-2024

27 اکتوبر 1947ء کو سری نگر میں بھارتی افواج کے داخل ہونے کی 77 ویں برسی کے موقع پر قومی اسمبلی کا یہ اجلاس کشمیری عوام کی اپنی ناقابل انتقال حق خود ارادیت کے حصول کی جدوجہد میں ان سے پاکستان کی مکمل سفارتی، اخلاقی اور سیاسی حمایت کا اعادہ کرتا ہے۔ اس بات پر زور دیتا ہے کہ جنوبی ایشیاء میں پائیدار امن اور استحکام تنازعہ جموں وکشمیر کے اقوام متحدہ کی Security Council کی قراردادوں اور کشمیری عوام کی امنگوں کے مطابق حتمی حل پر منحصر ہے۔

بھارتی غیر قانونی مقبوضہ جموں وکشمیر (IIOJK) کی بین الاقوامی سطح پر تسلیم کردہ متنازعہ حیثیت اور اس کے آبادیاتی ڈھانچے اور سیاسی منظر نامے کو تبدیل کرنے کی بھارت کی مسلسل کارروائیوں کو مسترد کرنے کا اعادہ کرتا ہے۔

ہزاروں سیاسی کارکنوں کی طویل عرصے سے نظر بندی اور کئی کشمیری سیاسی جماعتوں پر پابندی کی مذمت کرتا ہے۔ اس بات کی نشاندہی کرتا ہے کہ IIOJK میں لوک سبھا یا قانون ساز اسمبلی کے انتخابات جموں وکشمیر کی عوام کے حق خودارادیت کے متبادل نہیں ہوسکتے۔

یہ ایوان بہادر کشمیری عوام کو زبردست خراج تحسین پیش کرتا ہے جنہوں نے اپنے حق خودارادیت کے حصول کے ضمن گزشتہ 77 سالوں کے دوران ان گنت قربانیاں دی ہیں۔

یہ ایوان مطالبہ کرتا ہے کہ ہندوستان IIOJK میں انسانی حقوق کی صورتحال کو بہتر بنائے، تمام کشمیر سیاسی قیدیوں کو رہا کرے، کالعدم قرار دی گئی سیاسی جماعتوں پر پابندی ختم کرے، ہنگامی اور انسدادی دہشت گردی کے سفاک قوانین کو منسوخ کرے اور جموں وکشمیر کے حوالے سے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی متعلقہ قراردادوں پر مخلصانہ عمل درآمد کرے۔

| | |
|---|---|
| امیر مقام صاحب | شرمیلہ صاحبہ فاروقی ہشام |
| سید امین الحق صاحب | محمد افضل کھوکھر صاحب |
| شائستہ خان صاحبہ | نور الحسن تنویر صاحب |
| محمد اعجاز الحق صاحب | عبد القادر پٹیل صاحب |
| محمد عون ثقلین صاحب | نور عالم خان صاحب |
| عطاءاللہ تارڑ صاحب | گوہر علی خان صاحب |
| سردار اویس احمد خان لغاری صاحب | محمد جنید انور چوہدری صاحب |